Lesson-02

Date

MON TUE WED THU FRI SAT SUN

منشی نبی بخش حقیر کے نام

Short Question

سوال ۱۔ غالب نے کن لفظوں میں گرمی کی شدت کا ذکر کیا ہے؟

جواب۔ غالب نے گرمی کی شدت کا ذکر ان الفاظ میں کیا ہے
"گرمی کا حال کیا پوچھتے ہو۔ اس ساٹھ برس میں یہ لو، یہ دھوپ، یہ تپش نہیں دیکھی۔"

سوال ۲۔ غالب روزے کو کس طرح بہلاتے ہیں؟

جواب۔ غالب روزہ کے بارے میں کہتے ہیں کہ روزہ رکھتا ہوں مگر روزے کو بہلاتے رہتا ہوں، کبھی پانی پی لیا، کبھی حقہ پی لیا، کبھی کوئی روٹی کا ٹکڑا کھا لیا۔

سوال ۳۔ اردو اخبار میں کیا لکھا تھا اور مجسٹریٹ کیوں زخمی ہوا؟

جواب۔ اردو اخبار میں لکھا تھا کہ باغپت میں قرابین چھڑکی گئی پر اور حویلیاں اور دکانیں لٹ جانے پر بلوہ ہوا اور رعایا نے پتھر مارے جس سے مجسٹریٹ زخمی ہوا۔

سوال ۴۔ مکتوب نگاری سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

یا

مکتوب نگاری کسے کہتے ہیں؟

جواب۔ مکتوب نگاری یا خطوط نگاری کسی شخص کے ذریعہ اپنی باتوں کا اظہار کرنے کا طریقہ ہے جو ایک شخص دوسرے شخص سے مخاطب ہو کر لکھتا ہے۔ جس میں پوری تفصیل باتیں لکھی جاتی ہیں۔ غالب کا شمار اردو کے اہم مکتوب نگاروں میں ہوتا ہے۔

Scanned with CamScanner

Date..........
MON TUE WED THU FRI SAT SUN

Long Question

سوال ۔ غالب بہ حیثیت مکتوب نگار یا بحیثیت خطوط نگار کا تنقیدی جائزہ لیں؟

جواب ۔ غالب اردو میں پہلے مکتوب نگار یا خطوط نگار ہیں جنہوں نے پرانے طرز تحریر یعنی کہ خط لکھنے کے طریقہ کو ختم کر دیا اور نئے انداز میں خط لکھنا شروع کئے میں نے ایک نیا طرز تحریر ایجاد کیا

بقول مرزا غالب

"میں نے وہ طریقہ ایجاد کیا ہے کہ مراسلہ کو مکالمہ بنا دیا ہے"

اس قول سے مراد ہے پرانے زمانے میں لمبے چوڑے القاب و آداب ہوتے تھے۔ اور خط لکھنے والا پوری تفصیل بیان کرتا تھا۔ مگر مرزا غالب نے ایسا طریقہ اپنایا کہ محسوس یہ ہوتا تھا کہ آمنے سامنے بیٹھ کر دو شخص گفتگو کر رہے ہیں۔ اور دونوں سامنے بیٹھ کر مخاطب ہیں۔ انہوں نے اپنے خطوط میں ہر طرح کا ذکر کیا کرتے تھے جن سے ان کے دور کی سماجی، معاشی اور اقتصادی حالات کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔

Scanned with CamScanner